تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

February 21, 2025

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ میں ’میٹرولوجی فار قوانٹم ٹکنالوجیز‘ کے موضوع پر بیسویں عبدالسلام یادگاری خطبے کا انعقاد

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے شعبہ طبعیات نے ایف ٹی کے۔سی آئی ٹی کانفرس ہال میں مورخہ بیس فروری دو ہزار پچیس کو بیسواں عبدالسلام یادگاری خطبہ منعقد کیا۔یادگاری خطبے کا موضوع ’میٹرولوجی فار قوانٹم ٹکنالوجیز‘ تھا اور سی ایس آئی آر نیشنل فیزیکل لباریٹری ،نئی دہلی کے ڈائریکٹر پروفیسر اچنتا وینو گوپال نے یہ خطبہ دیا۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے شعبہ طبعیات نے سلام کے آئیڈیلز خاص طور سے ترقی پذیر ممالک میں بنیادی سائنز میں تعلیم وتحقیق کے فروغ کی اہمیت کی تکریم میں عبدالسلام میموریل لیکچر کی ابتدا کی ہے جس میں تقریر کے لیے ہر سال کسی ممتاز سائنس داں کو دعوت دی جاتی ہے ۔اس کا مقصد سامعین کو ترغیب دلانا اور نئی انکشافات،تصورات اور چیلنجیز کے تئیں جوش اور دلچسپی کو ساجھا کرنا ہوتا ہے۔

صدر شعبہ پروفیسر اظہر ماجد صدیقی کی استقبالیہ تقریر سے لیکچر کا آغاز ہوا۔سائنسز فیکلٹی کے ڈین، پروفیسر سعیدالدین نے مہمان مقرر کو سامعین سے متعارف کرانے سے قبل عبدالسلام میموریل لیکچر کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔

پروفیسر وینو گوپال نے اپنی تقریر میں قوانٹم میٹرولوجی میں جاری وساری پیائش سے متعلق روایتی علم اوراس کے مطالعہ کے طریقہ کار کو نئے میٹرولوجی اپروچ سے بدلنے کی ضرورت پر زور دیا۔یہ ترقی یافتہ اپروچ بنیادی اکائیوں جیسے پیائش کی کلوگرام کی اکائی جو خلا میں روشنی کی رفتار پر مبنی پلانک کے مستقل اور طوالت کے استعمال، جوزیفن ایفیکٹ کی سوپر کنڈکٹنگ سرکٹس کے وولٹیج اسٹنڈرڈ اور قوانٹم ہال ایفیکٹ کے استعمال سے مزاحمتی معیار جیسی اکائیوں کی نئے سرے سے وضاحت کرتا ہے۔انھوں نے میٹا میٹریل کے فوٹونکس،سرفیس انہاسڈ رمن اسپیکٹر وکاپی، لیزر کولنگ اور آاون ٹریپنگ سے متعلق مزید متعدد تجرباتی نتائج پیش کیے اور لمبائی، وقت اور فنڈامینٹل کنسٹنٹس جیسی فزیکل کمیت وضخامت کے نپی تلی پیائش کے حصول کے لیے ان کے اطلاقات کو کر کے دکھایا۔

پر مغز لیکچر کے بعد مہمان مقرر کے ساتھ مذاکراتی سیشن ہوا۔شعبے کے سینئر پروفیسر محمد ذوالفقار کے اظہار تشکر پر پروگرام اختتام پزیر ہوا۔پروفیسر وینو گوپال نے شعبہ طبعیات کے کمیٹی روم میں پی ایچ ڈی کے طلبہ کے ساتھ ان کی عزت افزائی کے لیے

مذاکراتی سیشن میں شریک ہوئے بعد میں شعبے کے فیکلٹی اراکین کے ساتھ بھی ایک دلچسپ اور پر لطف سیشن ہوا۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی